11اپریل2017ء

وفاقی حکومت نے جناب جمیل احمد کو ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک مقرر کر دیا

وفاقی حکومت نے 11 اپریل 2017ء سے اسٹیٹ بینک میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر کے عہدے پر خدمات انجام دینے والے جناب جمیل احمد کو تین سال کی مدت کے لیے اسٹیٹ بینک کا ڈپٹی گورنر تعینات کر دیا ہے۔

ایک تجربہ کار سینٹرل بینکر کی حیثیت سے جناب جمیل احمد کا شاندار کیریئر 26 برسوں پر محیط ہے اور وہ اسٹیٹ بینک اور سعودی عریبین مانیٹری ایجنسی (SAMA) میں سینئر عہدوں پر فرائض انجام دے چکے ہیں۔ اسٹیٹ بینک میں بطور ڈپٹی گورنر تعیناتی سے قبل وہ ایگزیکٹو ڈائریکٹر بینکنگ سپرویژن گروپ اور مالی استحکام کے طور پر کام کر رہے تھے۔ وہ آپریشنز، بینکنگ پالیسی اینڈ ریگولیشنز، ترقیاتی مالیات اور فنانشل ریسورس مینجمنٹ کے گروپ ہیڈ کے طور پر بھی خدمات انجام دے چکے ہیں۔ جناب جمیل احمد اسٹیٹ بینک کی زری پالیسی کمیٹی اور بعض انتظامی کمیٹیوں کے رکن ہیں۔ وہ دو بین الاقوامی کمیٹیوں میں بھی اسٹیٹ بینک کی نمائندگی کرتے ہیں جن میں مالی استحکام بورڈ (FSB) کی کرسپانڈنٹ بینکاری اشتراک گروپ اور بازل کمیٹی برائے بینکاری نگرانی (BCBS) کی ٹاسک فورس برائے اثاثوں کا دانشمندانہ انتظام شامل ہیں۔

جناب جمیل احمد نے لاہور میں پنجاب یونی ورسٹی سے ایم بی اے کیا اور وہ انسٹی ٹیوٹ آف کوسٹ اینڈ مینجمنٹ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (FCMA) کے فیلو رکن، انسٹی ٹیوٹ آف بینکرز پاکستان کے ایسوسی ایٹ ممبر اور انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ سیکریٹریز آف پاکستان (FCIS) کے فیلو رکن بھی ہیں۔

****